**No.DPW-8(1)/Procurement/2024**

**حکومت گلگت بلتستان**

**محکمہ بہبود آبادی گلگت بلتستان**

**ڈائریکٹریٹ آف پاپولیشن ویلفیئر گلگت بلتستان**

## ٹینڈر نوٹس

محکمہ بہبود آبادی گلگت بلتستان کو برائے مالی سال 25-2024 کے دوران دوائیوں کی خریداری کیلئے مستند اور متعلقہ شعبے میں کاروبار کے حامل خواہشمند رجسٹرڈ فرمز سے سربمہر پیشکش مطلوب ہیں۔ مطلوبہ دوائیوں کی خریداری کی تفصیل وتشریح (Specification) وشرائط وضوابط ٹینڈر ڈاکومینٹس میں دی گئی ہیں جو کہ زیر دستخطی کے دفتر سے فرم کے لیٹر ہیڈ پر تحریری درخواست بمہ شناختی کارڈ کی کاپی کے ساتھ مبلغ -/2000 روپے کاغذات فیس کی رسید (Treasuary) کے متعلقہ ہیڈ میں جمع کر کے حاصل کی جاسکتی ہیں۔ ذیل میں دی گئی کیٹگری کے لیے سربمہر ٹینڈر بمہ مطلوبہ رقم کے حامل سٹیٹ بنک آف پاکستان سے منظورشدہ شیڈول بنک کا کال ڈپازٹ بنام زیر دستخطی دی گئی تاریخ ووقت تک جمع کرائی جاسکتی ہیں۔ ٹینڈر دی گئی تاریخ اور وقت پر زیر دستخطی کے دفتر میں کھولی جائیں گی۔

| زرضمانت<br>Call Deposit<br>(Amount) | ٹینڈرز کھولنے کی تاریخ اور وقت<br>Date & Time of<br>Opening | ٹینڈرز جمع کرنے کی تاریخ اور وقت<br>Date & Time of<br>Closing | تفصیل<br>Calassification | کیٹگری<br>Categary |
|---|---|---|---|---|
| Rs.225000/- | 9اپریل 2025<br>(12:30 بجے) | 9اپریل 2025 (12 بجے) | دوائیوں کی خریداری<br>(Purchase of Medicines) | "A" |

**<u>بنیادی شرائط و ضوابط:</u>**

ا۔ ٹینڈر کھولنے کے دوران اپنی, اپنے مجاز نمائندے کی موجودگی کو یقینی بنانا ٹینڈر دہندہ کی ذمہ داری ہوگی۔ عدم موجودگی کی صورت میں نہ انتظار کیا جائے گا نہ کوئی عذر اور اعتراض قابل قبول ہوگا۔ مجاز نمائندے کے پاس اتھارٹی لیٹر ہونا ضروری ہے!

ii۔ متعلقہ کیٹگری کے ٹینڈر کے ہمراہ دی گئی رقم کے مساوی سٹیٹ بنک آف پاکستان سے منظورشدہ شیڈول بنک کا جاری کردہ اصلی کال ڈپازٹ بنام زیر دستخطی منسلک کرنا ضروری ہے۔ کال ڈپازٹ کے بغیر ٹینڈر اسی وقت مسترد کئے جائیں گے۔

iii پیشکش (ریٹ) لازماً متعلقہ فرم کے پرنٹ لیٹرھیڈ جس میں فرم کا ایڈریس، رجسٹریشن نمبر، پتہ اور مالک کا نام درج ہو اور کمپیوٹر پرنٹڈ (Computer Printed) جمع کروانا ہوگی۔ عدم تعمیل کی صورت میں ٹینڈر مسترد کیا جائے گا۔ <u>ہاتھ سے لکھی ہوئی ریٹ/ اوور رائیٹنگ (over writing) کی ہوئی ریٹ قابل قبول نہیں ہونگی</u>۔ اس حوالے کوئی عذر قبول نہیں کیا جائے گا۔

iv۔ ایسے ٹینڈر دھندگان جو متعلقہ شعبے میں پہلے بھی سرکاری اداروں کو خدمات فراہم کر چکے یا کر رہے ہوں وہ دستاویزات منسلک کریں۔

v ۔ ایسی پیشکش جن میں مارکیٹ کے عمومی ریٹ کے مقابلے میں نامتناسب پائی جائے گی کو مسترد کیا جاسکتا ہے۔

vi۔ ٹینڈر کے ساتھ 50 روپے کے اسٹامپ پیپر پر ٹینڈر دھندہ کبھی کسی سرکاری/نیم سرکاری ادارے اور PPRA سے بلیک لسٹ نہیں ہوا کا حلف نامہ جمع کرانا ہوگی۔

vii۔ ٹینڈر دھندہ کی شناختی کارڈ کی تصدیق شدہ کاپی منسلک کرنا ہوگی۔

viii۔ ٹینڈر کمیٹی اس بات کی مجاز ہوگی کہ وہ مطلوبہ معیار اور دی گئی شرائط پر پورا نہ اترنے والے، اور نامکمل، مشروط اور مبہم پیشکشوں کو مسترد کرے۔

ix۔ ٹینڈر Gilgit Baltistan Public Procurement Regulatory Authority Rules 2022 کی شق (Single stage two envelop procedure 39 (B) کے تحت ہوگی۔

ix۔ غلط معلومات یا معلومات چھپانے کے مرتکب ٹینڈر دھندگان کی پیشکشوں کو مسترد کیا جائے گا۔

(امین خان)
ڈائریکٹر
فون نمبر: 05811-920557
یوتھ ڈیولپمنٹ سنٹر سٹلائیٹ ٹاؤن لین نمبر ا- شاہراہ قائداعظم جوٹیال گلگت 15100

CamScanner